خبروں کا اعلامیہ

نرسنگ کی تشخیص کو ہموار (اسٹریم لائین) کرنا

15 فروری، 2023

البرٹا کی حکومت البرٹا میں آنے والی بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کے لیے زیادہ موثر تشخیصی نظام بنانے کے لیے ایک نیا پائلٹ پروجیکٹ شروع کر رہی ہے۔

البرٹا میں دنیا کے بہترین فرنٹ لائن ہیلتھ کیئر ورکرز ہیں۔ البرٹا کی حکومت صحیح مدد فراہم کرنے کے لیے کام کرے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ البرٹا کے باشندوں کو وہ دیکھ بھال حاصل ہو جس کی انہیں ضرورت ہے، جب بھی اور جہاں بھی انہیں ضرورت ہو۔ بین الاقوامی تعلیم یافتہ نرسوں کے البرٹا کی افرادی قوت میں شامل ہونے کے عمل کو بہتر بنا کر، حکومت اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کر سکتی ہے کہ صوبے کا صحت کی دیکھ بھال کا نظام حال میں اور مستقبل میں بھی مضبوط رہے۔"

"اس پائلٹ کے ذریعے، ہم نرسنگ کی تشخیص کو ہموار (اسٹریم لائین) کر رہے ہیں تاکہ بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسیں البرٹا کے جاب مارکیٹ اور صحت کی دیکھ بھال کے نظام میں اپنے بہترین راستے کا تعین کر سکیں۔"

کیسی ماڈو (Kaycee Madu) وزیر برائے مخصوص مہارت کے کام اور پیشے (Minister of Skilled Trades and Professions)

"ہم بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کے لیے، جو البرٹا میں کام کرنا اور رہنا چاہتے / چاہتی ہیں، رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ اس عمل کو ہموار (جسٹریم لائین) کرنے سے، نرسیں جلد پریکٹس کرنا شروع کر سکتی ہیں اور ہم صحت کی دیکھ بھال کرنے والے افرادی قوت کو مضبوط کرنا جاری رکھ سکتے ہیں جو البرٹن کو جب اور جہاں ضرورت ہو مدد فراہم کرتی ہے۔"

جیسن کوپنگ (Jason Copping)، وزیر صحت (Minister of Health)

200,000 ڈالر کی گرانٹ کے ساتھ، تشخیص کا "ٹرپل ٹریک" ("triple-track") پائلٹ منصوبہ بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کے لیے البرٹا کی تشخیص کی سہولت قائم کرے گا اور انہیں کالج آف رجسٹرڈ نرسز آف البرٹا (College of Registered Nurses of Alberta) کے پاس درخواست دینے کی اجازت دے گا، بجائے اس کے کہ وہ برٹش کولمبیا کا سفر کر کے اپنی صلاحیتوں کا جائزہ کروائیں۔

یہ پروگرام بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کی مہارتوں اور صلاحیتوں کا جائزہ لے گا اور انہیں البرٹا کے تین پیشہ ورانہ نرسنگ زمروں میں سے ایک سے مماثل کرے گا: رجسٹرڈ نرس (registered nurse)، لائسنس یافتہ پریکٹیکل نرس (licensed practical nurse) اور ہیلتھ کیئر معاون (health-care aide)۔ اس سے اسناد کے عمل کو ہموار (اسٹریم لائین) کرنے اور بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ جو نرسیں البرٹا کی افرادی قوت میں شامل ہونا چاہتے / چاہتی ہیں، ان کے انتظار کے اوقات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

"کالج آف رجسٹرڈ نرسز آف البرٹا" (The College of Registered Nurses of Alberta) اس صوبے میں آنے والے / والی بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کے لیے موجودہ راستوں کو ہموار (اسٹریم لائین)، جدید اور بہتر بنانے کے لیے البرٹا کے صحت کی دیکھ بھال کے نظام میں جدید سرمایہ کاری کی حمایت اور خیر مقدم کرتا ہے۔" جوئے پی ک، *چیف ایگزیکٹو آفیسر اینڈ رجسٹرار (Joy Peacock, chief executive officer and registrar)*،

کالج اینڈ ایسوسی ایشن آف رجسٹرڈ نرسز آف البرٹا (College and Association of Registered Nurses of Alberta) ,

"کالج آف لائسنسڈ پریکٹیکل نرسس آف البرٹا (The College of Licensed Practical Nurses of Alberta) بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کی نرسنگ کے سفر میں مدد کرنے کے لیے وقف ہے۔ البرٹا میں تشخیصی مرکز کا قیام درخواست دہندگان کو اپنی مہارات اور علم کا مظاہرہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے اور اس بات کو سمجھنے میں مدد فراہم کرتا ہے کہ البرٹا میں ان کا تجربہ کس طرح مطابقت رکھتا ہے، نرسوں کو بااختیار بناتا ہے کہ وہ اس راستے کا انتخاب کریں جو ان کے لیے بہترین ہو۔"

جینین ویس، رجسٹرار اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (Jeanne Weis, registrar and chief executive officer)،

کالج آف لائسنسڈ پریکٹیکل نرسس آف البرٹا (The College of Licensed Practical Nurses of Alberta)

نئے ماڈل کا استعمال کرتے ہوئے 2023 کے موسم خزاں میں، ایک البرٹا اسسمنٹ سائٹ کے کھلنے کی امید ہے۔

فوری حقائق

- نیا قابلیت پر مبنی اسسمنٹ ماڈل صحت کی دیکھ بھال کے نظام میں کام کرنے کے خواہاں افراد کے لیے قابلیت کی تشخیص کو ہموار (اسٹریم لائین) کرے گا۔ یہ اسناد کی تشخیص کے ماڈل کا متبادل نہیں ہے، جو دستیاب رہے گا۔
- " ٹرپل ٹریک" ("triple-track") تشخیص کالج آف رجسٹرڈ نرسز آف البرٹا (The College of Registered Nurses of Alberta)، کالج آف لائسنسڈ پریکٹیکل نرسس آف البرٹا (The College of Licensed Practical Nurses of Alberta) اور نرسنگ کمیونٹی اسسمنٹ سروس (Nursing Community Assessment Service) کے درمیان ایک پائلٹ پروجیکٹ ہے۔

پریس سیکرٹری، البرٹا سکلڈ ٹریڈز اینڈ پروفیشنز Nicky.Gocuan@gov.ab.ca 587-588-5952

متعلقہ معلومات

[ہیلتھ کیئر ایکشن پلان (Healthcare Action Plan)]

[کالج آف لائسنسڈ پریکٹیکل نرسس آف البرٹا (College of Registered Nurses of Albert)a]

[نرسنگ کمیونٹی اسسمنٹ سروس (College of Licensed Practical Nurses of Alberta)]

میڈیا سے پوچھ گچھ

نکی گوکوان(Nicky Gocuan)

Nicky.Gocuan@gov.ab.ca

587-588-5952

پریس سیکریٹری، البرٹا اسکلڈ ٹریڈز اینڈ پروفیشنس(Press Secretary, Alberta Skilled Trades and Professions)